31-423

نمبر /اے ڈی اے/پی آر اے/2022

پنجاب ریونیو اکیڈمی، بورڈ آف ریونیو، پنجاب

مورخہ 30.05.2022

ٹال فری نمبر 08000-9212

042-99333810

بجانب: **جملہ ڈپٹی کمشنر صاحبان در صوبہ پنجاب**

عنوان: **ابتدائی ٹریننگ پروگرام برائے پٹواریاں حصہ سوئم منعقدہ بتاریخ یکم جون 2022ء تا 30 اگست 2022ء**

بحوالہ مراسلہ جاری شدہ منجانب نظامت کاغذات زمین پنجاب 2469-2865/2022/EF/DLR بتاریخ 20 ستمبر 2021، 1929-54/2022/EF/DLR بتاریخ 15.02.2022 اور چٹھی نمبر-1(1/TLRE(LR)/TSNRE/2022(1 بتاریخ 15.04.2022 بعنوان بالا۔

2۔ ابتدائی ٹریننگ پروگرام برائے نئے بھرتی شدہ پٹواریاں در صوبہ پنجاب **"حصہ سوئم"** کا انعقاد مورخہ **یکم جون 2022 تا 31 اگست 2022** شیڈول کر دیا گیا ہے۔

i. متعلقہ اسسٹنٹ کمشنر اپنے ڈپٹی کمشنر کی سربراہی میں نئے بھرتی ہونے والے پٹواریوں کی تربیت کے حسب سابق انچارج ہوں گے۔

ii. مینوئل ریکارڈ کی تیاری حسب سابق متعلقہ ضلع کے جنرل اسسٹنٹ (ریونیو) کی زیر نگرانی این ٹی او اور دفتر قانون گو بذریعہ ماسٹر ٹرینرز کی جائے گی۔

iii. ٹریننگ کا دورانیہ حسب سابق 3 دن اور ہر دن میں 6 گھنٹے تک رہے گا جس کیلئے سلیبس / مواد کے مندرجات کو حسب ذیل یکم جون 2022 تا 31 اگست 2022 فراہم کر دیا گیا ہے۔

iv. جملہ ڈپٹی کمشنر صاحبان سے التماس ہے کہ اپنے ماتحت اسسٹنٹ کمشنر صاحبان کو ہدایت جاری ہوں کہ زیر تربیت **نئے بھرتی شدہ پٹواریان** کو دوران ٹریننگ ہفتہ میں 3 دن 6 گھنٹہ فی دن کوئی فیلڈ ڈیوٹی تفویض نہ کی جائے۔ تاکہ ان پٹواریان کی بروقت اور صحیح انداز میں تربیت ہو سکے۔

v. یکم جون 2022 تا 31 اگست 2022 تک نئے بھرتی ہونے والے پٹواریوں کی تربیت کے مقصد کیلئے سلیبس / مواد ذیل ہے:-

| نمبر شمار | مضمون | سلیبس مواد | وقت درکار |
|---|---|---|---|
| | | حصہ اول پڑھائی | |
| 1. | تیاری بستہ / ریونیو ریکارڈ حلقہ / موضع | تیاری نقشہ جات<br>نقشہ جات پیمائش (مساوی ہائے و شجرہ پارچہ) بعد از موقع پیمائش | یکم جون 2022 تا 21 جون 2022 |

Scanned with CamScanner

| | | | |
|---|---|---|---|
| | تیاری مساوی (1000 خسرہ نمبران / فیلڈ نمبر) (500 فیلڈ نمبران کیلہ بندی اور 500 فیلڈ نمبران کشت واری) | | |
| 2. | فیلڈ بک (1000 خسرہ نمبران / فیلڈ نمبر) (500 فیلڈ نمبران کیلہ بندی اور 500 فیلڈ نمبران کشت واری) | (i) بطریقہ کار و ترتیب نمبران خسرہ بر مساوی ہائے کے مطابق فیلڈ بک میں قرم کان کا اندراج با احتیاط بعد از موازنہ اندراجات خسرہ نمبران و مساوی ہائے فیلڈ بک۔<br>(ii) بعد از اطمینان اندراجات مساوی ہائے و فیلڈ بک استخراج رقبہ بطریقہ مروجہ حصول و تحریر رقبہ مذکورہ خسرہ نمبر تحریر ہووے۔ یہ امر بھی ضروری ہے کہ رقبہ مذکورہ کی قسم زمین مثلاً نہری، چاہی، غیر ممکن، سیلابی، دریائی، غیر ممکن آبادی، غیر ممکن قبرستان، غیر ممکن چاردیواری، غیر ممکن ٹیوب ویل، رستہ جات، سرکاری و ملکیتی مالکان دیہہ اور کھالا جات کا اندراج بھی تحریر ہووے۔ | 22 جون 2022 تا 6 جولائی 2022 |
| 3. | مثل حقیت بندوبست / اشتمال (1000 خسرہ نمبران / فیلڈ نمبر) (500 فیلڈ نمبران کیلہ بندی اور 500 | تیاری مثل حقیت بندوبست / اشتمال بشمول نقشہ جات بر بنیاد اندراجات قبل ازیں تیار شدہ ریکارڈ فیلڈ بک و کھتونی و دیگر چٹھہ جات<br>(i) نوعیت دستاویزات<br>(ii) روبکاری ابتدائی<br>(iii) محال کا شجرہ کشتوار<br>(iv) شجرہ نسب | 7 جولائی 2022 21 جولائی 2022 |

Scanned with CamScanner

| | | | |
|---|---|---|---|
| | فیلڈ نمبران کشت واری) | (v) انڈیکس سروے / خسرہ نمبران<br>(vi) انڈیکس ردیف وار<br>(vii) مالکان مرتہنان<br>(viii) رجسٹر حقداران زمین<br>(ix) نوٹ تبدیلی اقسام اراضی<br>(x) رجسٹر حقداران نخلستان<br>(xi) نقشہ حقوق چاہات و نل چاہات<br>(xii) فرد تقسیم آب<br>(xiii) نقشہ حقوق چکیات و فرد آسیاب<br>(xiv) واجب العرض<br>(xv) حکم ریونیو افسر دربارہ تشخیص مالیہ جدید<br>(xvi) حکم ریونیو افسر دربارہ باچھ مالیہ مشخصہ بر کھاتہ ہائے ملکیت<br>(xvii) اوراق منظور شدہ داخل خارج ہائے معہ انڈیکس | |
| .4 | رجسٹر حقداران زمین مثل معیادی (1000 خسرہ نمبران / فیلڈ نمبر) (500 فیلڈ نمبران کیلہ بندی اور 500 فیلڈ نمبران کشت واری) | تیاری مثل معیادی بشمول نقشہ جات بر بنیاد اندراجات قبل ازیں تیار شدہ ریکارڈ فیلڈ بک و کھتونی و دیگر چٹھہ جات<br>(i) نوعیت دستاویزات<br>(ii) سرورق<br>(iii) شجرہ نسب<br>(iv) انڈیکس سروے خسرہ نمبران<br>(v) انڈیکس ردیف وار مالکان و مرتہنان<br>(vi) رجسٹر حقداران زمین<br>(vii) نوٹ تبدیلی قسم زمین<br>(viii) رجسٹر حقداران نخلستان<br>(ix) نقشہ حقوق چاہات و نل چاہات<br>(x) فرد تقسیم آب | 22 جولائی<br>2022 تا 12<br>اگست 2022 |

Scanned with CamScanner

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | (xi) لٹھہ منقول چاہات و فرد آبیاب<br>(xii) نقشہ شجرہ<br>(xiii) فرد بدر<br>(xiv) نوٹ قانونگو پڑتال و تصدیق<br>(xv) نوٹ ریونیو افسر پڑتال و تصدیق<br>(xvi) سرٹیفکیٹ آفیسر و تصدیق منجانب ریونیو افسر<br>(xvii) اوراق منظور شدہ داخل خارج معہ انڈیکس | |
| 5. | کام پڑتال | زیر تربیت پٹواریان کی جانب سے تیار کردہ ریونیو ریکارڈ کی پڑتال زیر قاعدہ 31 قواعد مال 1968 منجانب ماسٹر ٹریز ز ہو گی اور آمدہ بدرات کی درستگی کا عمل منجانب زیر تربیت پٹواریان کریں گے۔ | 13 اگست 2022 تا 31 اگست 2022 |

3۔ موجودہ صورت حال کے مطابق تربیت آن لائن۔ مقامی / فزیکل اور عملی ماڈیولز کی تقسیم کیساتھ ہوگی۔ نئے بھرتی ہونے والے پٹواریوں کی تربیت کے حوالے سے آن لائن اور ینٹیشن سیشن (آگاہی پروگرام) پہلے ہی بورڈ آف ریونیو پنجاب کیجانب سے تمام کمشنرز ڈپٹی کمشنرز ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز (ریونیو) اور اسسٹنٹ کمشنرز کیلئے منعقد کیے جا چکے ہیں۔ تاہم معمول کی پوسٹنگ / تبادلوں کیوجہ سے اگر مذکورہ افسروں میں سے کوئی بھی اسے دہرانے کی ضرورت محسوس کریں تو وہ بلا جھجک ٹال فری نمبر 9212-08000 / 99333810-042 کے ذریعہ پنجاب ریونیو اکیڈمی، بورڈ آف ریونیو، پنجاب سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ موجودہ تربیتی کورس کا مواد 15 فروری 2022ء سے شیڈولڈ ہے جو کہ مرحلہ وار جاری ہے۔ مزید برآں نوٹیفائیڈ ماسٹر ٹرینرز اس تربیتی مشق کے ذریعے اعلیٰ معیار کے حصول کے لئے حسب سابق دستیاب رہیں گے۔

4۔ تیاری لینڈ ریکارڈ وابستہ پٹواری کے لئے کاغذات / نقشہ جات کے نمونہ جات / فارم مراسلہ ہذا کے ساتھ فراہم کیے جا رہے ہیں۔

پرنسپل / پراجیکٹ ڈائریکٹر
پنجاب ریونیو اکیڈمی،
بورڈ آف ریونیو، پنجاب

**کاپی برائے اطلاع:**

1. پی ایس او ٹو سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو پنجاب

Scanned with CamScanner

2. جملہ ممبر صاحبان بورڈ آف ریونیو پنجاب

3. جملہ کمشنر صاحبان، در صوبہ پنجاب

4. ڈائریکٹر جنرل، پی ڈی ایم اے۔

5. ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ پنجاب، لاہور

6. جملہ سیکرٹری صاحبان، بورڈ آف ریونیو پنجاب

7. جملہ ایڈیشنل کمشنرز در صوبہ پنجاب

8. ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ گزٹیر، بورڈ آف ریونیو پنجاب

9. ڈائریکٹر ایڈمن و فنانس، پنجاب ریونیو اکیڈمی، بورڈ آف ریونیو، پنجاب

10. لینڈ ریونیو اسپیشلسٹ (لینڈ ریکارڈز)، پنجاب ریونیو اکیڈمی، بورڈ آف ریونیو، پنجاب

11. جملہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) در صوبہ پنجاب (ماسوائے ضلع لاہور)

12. رجسٹرار بورڈ آف ریونیو پنجاب

13. جملہ ڈپٹی سیکرٹری صاحبان بورڈ آف ریونیو پنجاب

14. ایڈیشنل ڈائریکٹر اکیڈمک، پنجاب ریونیو اکیڈمی

15. جملہ اسسٹنٹ کمشنرز در صوبہ پنجاب (ماسوائے ضلع لاہور و گجرات تحصیل)

16. جملہ جنرل اسسٹنٹ ریونیو در صوبہ پنجاب (ماسوائے ضلع لاہور)

17. جملہ تحصیلداران در صوبہ پنجاب (ماسوائے ضلع لاہور و گجرات تحصیل)

18. جملہ ماسٹر ٹرینرز در صوبہ پنجاب

19. آفس فائل

Muhammad

پرنسپل / پراجیکٹ ڈائریکٹر

پنجاب ریونیو اکیڈمی،

بورڈ آف ریونیو، پنجاب

Scanned with CamScanner